FF-4 (U) 08/21/2025 (page 1 of 15)
(E) 08/14/2025 LLF

# کثرت سے پوچھے گئے سوالات
# (Urdu)

## پروگرام کا تعارف


1. Fair Fares NYC کیا ہے؟ ........ 4
2. کیا Fair Fares NYC (FFNYC) MetroCard سے One Metro New York (OMNY) Card پر منتقل ہو رہا ہے؟ ........ 4
3. کیا مجھے اپنی FFNYC رعایت کو OMNY پر منتقل کرنا ہو گا؟ ........ 4
4. کیا میں MetroCard سے OMNY کارڈ پر رقم منتقل کر سکتا ہوں؟ ........ 5
5. Fair Fares NYC رعایت کس طرح کام کرتی ہے؟ ........ 5


## اہلیت


6. شرکت کرنے کے لیے کون اہل ہے؟ ........ 6
7. میں فی الوقت MTA Reduced-Fare پروگرام میں شرکت کر رہا ہوں۔ کیا میں Fair Fares NYC رعایت کے لیے اہل ہوں؟ ........ 6
8. کیا میری امیگریشن کی حیثیت Fair Fares NYC میں شرکت کی میری صلاحیت کو متاثر کرتی ہے؟ ........ 6


## اپنی Fair Fares NYC رعایت کے لیے درخواست دینا اور رعایت وصول کرنا


9. میں Fair Fares NYC رعایت کے لیے کس طرح درخواست دے سکتا ہوں؟ ........ 6
10. مجھے کیسے پتا چلے گا کہ میری درخواست منظور ہو گئی ہے؟ ........ 7
11. میں کتنی مدت تک Fair Fares NYC پروگرام میں شرکت کر سکتا ہوں؟ ........ 7
12. میں اپنا Fair Fares NYC OMNY کارڈ کب حاصل کروں گا؟ ........ 7
13. میری Fair Fares NYC OMNY کارڈ کے لیے درخواست منظور ہو گئی تھی تاہم یہ مجھے ڈاک میں نہیں ملا ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ ........ 7
14. مجھے nyc.gov/accessfairfares کی ویب سائٹ پر مشکل پیش آ رہی ہے۔ میں کس طریقے سے مدد حاصل کر سکتا ہوں؟ ........ 7
15. مجھے Fair Fares NYC کی درخواست مکمل کرنے میں مدد درکار ہے۔ کون میری مدد کر سکتا ہے؟ ........ 7
16. مجھے ایک P.O. باکس میں ڈاک موصول ہوتی ہے۔ میں اپنا Fair Fares OMNY کارڈ کیسے وصول کر سکتا ہوں؟ ........ 8
17. میں اپنا ڈاک کا پتہ کس طریقے سے اپ ڈیٹ کروں؟ ........ 8
18. میری Fair Fares کی درخواست مسترد ہو گئی تھی۔ میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟ ........ 8

## درخواست کی دستاویزات کیسے جمع کروائیں اور دیگر متعلقہ سوالات


19. مجھے اپنی عمر، NYC میں رہائش اور آمدنی کی تصدیق کرنے کے لیے کون سی دستاویزات درکار ہیں؟.............. 8
20. میں اپنی درخواست کے لیے دستاویزات کیسے جمع کروا سکتا ہوں؟........................................................ 8
21. میں نے اپنی دستاویزات جمع کروانے کی کوشش کی لیکن یہ کارگر نہیں ہوا۔ میں کس طرح مدد حاصل کر سکتا ہوں؟ . 8
22. مجھے کیسے علم ہو گا کہ آیا آپ کو میری دستاویزات موصول ہو گئی ہیں؟.............................................. 9
23. کیا میری دستاویزات جمع کروانے کی کوئی حتمی تاریخ ہے؟ ................................................................ 9
24. اگر میں بروقت اپنی دستاویزات جمع نہ کروا سکا تو کیا ہو گا؟ ................................................................ 9


## اپنے Fair Fares NYC OMNY کارڈ کو استعمال کرنا


25. میں اپنے Fair Fares OMNY کارڈ کا نمبر کہاں سے معلوم کر سکتا ہوں؟............................................ 9
26. OMNY کارڈ کا ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر کیا ہے اور میں اسے کہاں تلاش کر سکتا ہوں؟ ....................................... 9
27. کیا میرے گھرانے کا کوئی فرد یا میرا دوست میرا Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) استعمال کر سکتا ہے؟.................................................................................................. 9
28. کیا میں اپنا Fair Fares OMNY Card (FFOC)، NYC کے عوامی ٹرانسپورٹ کے تمام نظاموں میں استعمال کر سکتا ہوں؟.................................................................................. 10
29. میں اپنے Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) میں پیسے کیسے شامل کر سکتا ہوں؟ .................... 10
30. کیا مجھے اپنے Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) کے ساتھ کرائے کی کوئی مخصوص حد ملے گی؟.................................................................................................. 10
31. کیا مجھے ایک OMNY اکاؤنٹ تخلیق کرنا چاہیئے؟ ........................................................................ 11
32. اگر مجھ سے رعایت شدہ کرائے کی جگہ مکمل قیمت وصول کر لی جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ ................. 11
33. اگر اپنے OMNY کارڈ پر (مکمل کرایہ لیے جانے کے علاوہ دوسری) لاگت موصول کرنے سے متعلق میرا کوئی سوال ہو تو میں کس کو کال کروں؟ .................................................................................. 11


## اہلیت کو کھونا


34. مجھے ایک نوٹس موصول ہوا ہے کہ میرا اندراج ختم ہونے والا ہے کیونکہ اب میں اہل نہیں رہا۔ میرے خیال سے کوئی غلطی ہوئی ہے۔ میں کس سے بات کر سکتا ہوں؟ ........................................................... 11
35. اپنی اہلیت کے تعین کے جائزے کی درخواست کرنے کے لیے میرے پاس کتنا وقت ہو گا؟ ................................ 12
36. اگر مجھے ایک نوٹس موصول ہو کہ میری Fair Fares NYC رعایت غلط استعمال یا دھوکہ دہی کی سرگرمی کی وجہ سے ختم ہو جائے گی تو کیا ہو گا؟ ........................................................... 12


## گمشدہ یا مسروقہ کارڈز


37. میں کتنی مرتبہ اپنا گمشدہ یا مسروقہ Fair Fares NYC OMNY کارڈ تبدیل کر سکتا ہوں؟.......................... 12
38. اگر میرا FFNYC OMNY کارڈ گم ہو جائے، چوری ہو جائے یا خراب ہو جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟ ........ 12
39. میں اپنے نئے کارڈ میں اپنا بیلنس کیسے منتقل کروں؟ ................................................................ 13

**تجدیدات**

40. مجھے Fair Fares NYC میں اپنے اندراج کی کتنی کثرت سے تجدید کروانے کی ضرورت ہے؟ .................... 13
41. میں Fair Fares NYC میں اپنے اندراج کی تجدید کس طرح کروا سکتا ہوں؟ .......................................... 13
42. کیا تجدید درکار ہونے پر مجھے مطلع کیا جائے گا؟ ...................................................................... 13
43. کیا تجدید کروانے کی کوئی حتمی تاریخ ہے؟........................................................................... 13
44. اگر میں تجدید کروانے کی حتمی تاریخ بھول جاؤں تو کیا ہو گا؟ ................................................... 14
45. مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ کیا میں اب بھی Fair Fares NYC کے لیے اہل ہوں؟ ................................ 14
46. میں اپنا پتہ یا جو دیگر معلومات پچھلے سال تبدیل ہو گئی ہیں انہیں کیسے اپ ڈیٹ کروں؟ ............................. 14
47. اگر میرا نیا پتہ نیو یارک سٹی میں نہیں ہے تو کیا ہو گا؟.................................................................. 14
48. مجھے اپنی تجدید کی درخواست کے ساتھ کون سی دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت ہو گی؟ ......................... 14
49. جب میں تجدید کرواتا ہوں تو کیا مجھے نیا Fair Fares NYC OMNY کارڈ موصول ہو گا؟ ......................... 14
50. اپنی تجدید کی درخواست منظور ہو جانے کے بعد، کیا میں اپنی موجودہ Fair Fares NYC رعایت استعمال کرنے کے قابل ہوں گا؟..................................................................................... 15

**زائدالمیعاد کارڈز**

51. میں یہ بات کیسے جان سکتا ہوں کہ میرے Fair Fares NYC OMNY کارڈ کی میعاد ختم ہو رہی ہے؟............ 15
52. اگر میرا Fair Fares NYC OMNY کارڈ 30 دنوں سے کم مدت میں زائدالمیعاد ہو جائے گا تو کیا ہو گا؟......... 15
53. اگر میرے زائدالمیعاد Fair Fares OMNY کارڈ میں اب بھی رقم موجودہو تو کیا میں اسے استعمال کر سکتا ہوں؟ ......................................................................................................... 15

## پروگرام کا تعارف

### .1 Fair Fares NYC کیا ہے؟

Fair Fares NYC ایک سٹی پروگرام ہے جو نیو یارک کے کم آمدنی کے حامل باشندوں کو اپنی آمدورفت کی لاگتوں کا نظم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ Fair Fares NYC کا استعمال کرنے سے، نیو یارک سٹی کے رہائشیوں کو سب وے اور اہل بس کے کرایوں میں 50% رعایت ملتی ہے، یا Access-A-Ride Paratransit ٹرپس پر 50% رعایت ملتی ہے۔

واپس اوپر جائیں

### .2 کیا Fair Fares NYC (FFNYC)، MetroCard سے One Metro New York (OMNY) کارڈ پر منتقل ہو رہا ہے؟

جی ہاں۔ FFNYC اب Fair Fares MetroCards (FFMs) ارسال نہیں کر رہا ہے۔ اگر آپ کے پاس ایک FFM ہے، تو آپ اسے اس وقت تک استعمال کر سکتے ہیں جب تک درج ذیل میں سے کوئی ایک واقع نہ ہو جائے (جو بھی پہلے ہو):

a) کارڈ زائدالمیعاد ہو جائے (کارڈ کے زائدالمیعاد ہونے کی تاریخ کارڈ کی پچھلی جانب موجود ہے)؛
b) کارڈ مزید کام نہ کرے؛
c) کارڈ غیر فعال ہو جائے؛ یا
d) آپ Fair Fares پروگرام میں مزید اندراج یافتہ نہ رہیں۔

آپ اپنا OMNY کارڈ ان طریقوں میں سے کسی ایک سے موصول کریں گے:

- جب آپ FFNYC میں اپنے اندراج کی تجدید کرتے ہیں تو ہم آپ کو Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) ارسال کریں گے۔
- اگر آپ اپنے MetroCard کی بطور گمشدہ، مسروقہ یا پھر اس کے خراب ہونے کی رپورٹ درج کرواتے ہیں، تو FFNYC اسے ایک عدد OMNY کارڈ کے ساتھ تبدیل کر دے گا۔
- آپ کسی بھی وقت MetroCard سے OMNY پر ACCESS HRA کے ذریعے منتقل ہو سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

### .3 کیا مجھے اپنی FFNYC رعایت کو OMNY پر منتقل کرنا ہو گا؟

جی ہاں۔ OMNY ادائیگی کا نیا طریقہ ہے اور یہ MetroCard کی جگہ لے گا۔ آپ کو NYC Transit سب ویز اور مقامی، محدود اور Select Bus Service (SBS) کی بسوں، Staten Island Railway، Roosevelt Island Tram اور Hudson Rail Link بس سروس پر سواری کرنے کے لیے OMNY استعمال کرنے کی ضرورت ہو گی۔

**4. کیا میں MetroCard سے OMNY کارڈ پر رقم منتقل کر سکتا ہوں؟**

نہیں، آپ اپنے FFM سے اپنے FFOC میں رقم منتقل نہیں کر سکتے۔ تاہم، آپ کے FFM پر موجود کوئی بھی بقایا بیلنس آپ کے لیے دستیاب رہے گا اور سب ویز اور مقامی، محدود اور Select Bus Service (SBS) بسوں، Staten Island Railway، Roosevelt Island Tram، اور Hudson Rail Link بس سروس میں سفر کے لیے استعمال کیا جا سکے گا۔

آپ کو اپنے MetroCard پر موجود بقایا بیلنس کارڈ کی میعاد ختم ہونے یا اس کے منسوخ ہونے سے پہلے استعمال کر لینا چاہیئے۔ بس اپنے MetroCard کو اسی طرح سوائپ یا ڈِپ کریں جیسے آج آپ نے کیا ہے۔ آپ ایک فُل فیئر MetroCard سے یا ایک فُل فیئر OMNY کارڈ سے FFM یا FFOC میں بیلنس منتقل نہیں کر سکتے۔

[واپس اوپر جائیں]

**5. Fair Fares NYC رعایت کس طریقے سے کام کرتی ہے؟**

Fair Fares NYC آپ کو سب وے، اہل بسوں، یا Access-A-Ride کے کرایوں میں 50% رعایت دیتی ہے۔

- **سب وے اور بسیں**
  اپنے Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) کے ساتھ، آپ سب وے اور اہل بسوں میں نصف کرایے کے ساتھ سواری کر سکتے ہیں!

  اگر آپ Fair Fares NYC کے لیے اہل ہیں اور آپ سب وے اور بس رعایت منتخب کرتے ہیں تو سٹی آپ کو ایک FFOC دے گا۔ اس کارڈ میں کوئی رقم نہیں ہو گی۔ آپ اپنا FFOC اس وقت تک استعمال نہیں کر سکتے جب تک آپ اس میں رقم شامل نہ کریں۔

  یہاں وہ طریقے بتائے گئے ہیں جن کے ذریعے آپ اپنے FFOC میں رقم شامل کر سکتے ہیں:
  - کسی سب وے اسٹیشن سے، OMNY وینڈنگ مشین استعمال کرتے ہوئے (آغاز کرنے کے لیے اپنا کارڈ بس اسکرین پر ٹیپ کریں)۔
  - اپنے گردونواح کے کسی اسٹور، فارمیسی یا چیک کیش کروانے کے کسی مقام سے (اپنی قریبی جگہ تلاش کرنے کے لیے omny.info/retail پر جائیں)۔
  - ایک OMNY اکاؤنٹ کے ساتھ آن لائن یا بذریعہ فون۔ Omny.info/register پر مفت اکاؤنٹ تخلیق کریں یا 877-789-6669 پر کال کریں۔

  جب آپ اپنے FFOC میں رقم شامل کر لیں گے اور بس یا سب وے میں OMNY ریڈر پر ٹیپ کریں گے تو یہ موجودہ کرایے کا نصف کاٹ لے گا۔ ہر بار آپ کے کارڈ ٹیپ کرنے پر آپ سے واحد سواری کے لیے موجودہ کرایے کا صرف نصف وصول کیا جائے گا۔ اس نصف کرایے کی لاگت کی آپ کے بیلنس سے کٹوتی ہو گی۔

- **Access-A-Ride**
  Access-A-Ride (AAR) کے کسٹمرز Fair Fares OMNY کارڈ استعمال نہیں کرتے۔ ان کی رعایت خودکار طور پر لاگو ہوتی ہے! AAR کارڈز MTA کی جانب سے تقسیم کیے جاتے ہیں۔ اگر AAR کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں، تو https://new.mta.info/accessibility/access-a-ride پر ان کی ویب سائٹ وزٹ کریں یا 877-337-2017 پر کال کریں۔

[واپس اوپر جائیں]

## اہلیت

**6. شرکت کرنے کے لیے کون اہل ہے؟**

نیو یارک سٹی (New York City, NYC) کے باشندے Fair Fares NYC کے لیے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ:

- 18 سے 64 سال کی عمر کے ہیں۔
- ایسے گھرانے میں ہیں جو Fair Fares NYC پروگرام کے لیے آمدنی کے رہنما خطوط پورے کرتا ہے۔
- محکمہ برائے سماجی خدمات/انسانی وسائل کی انتظامیہ (Department of Social Services/Human Resources Administration, DSS/HRA) یا کسی دوسری NYC ایجنسی کی جانب سے گاڑی کا مکمل کرایہ موصول نہیں کر رہے؛ اور،
- اگر Fair Fares NYC سب وے اور بس رعایت منتخب کرتے ہیں، تو ٹرانسپورٹیشن کے کسی دوسرے رعایتی پروگرام کے لیے فی الوقت اہل نہیں ہیں، یا اس میں شرکت نہیں کر رہے ہیں۔

**واپس اوپر جائیں**

**7. میں فی الوقت MTA Reduced-Fare پروگرام میں شرکت کر رہا ہوں۔ کیا میں Fair Fares NYC رعایت کے لیے اہل ہوں؟**

نہیں، اگر آپ MTA Reduced-Fare پروگرام میں ہیں، تو آپ سب وے اور بسوں میں MTA Reduced Fare پروگرام کی وساطت سے رعایت استعمال کر سکیں گے۔ اگر آپ ایک AAR کسٹمر ہیں، تو آپ صرف AAR میں استعمال کے لیے FFNYC رعایت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

https://mta.info/reduced-fare پر آپ MTA کے دیگر رعایتی پروگرامز کے بارے میں جان سکتے ہیں۔

**واپس اوپر جائیں**

**8. کیا میری امیگریشن کی حیثیت Fair Fares NYC میں شرکت کی میری صلاحیت کو متاثر کرتی ہے؟**

نہیں، Fair Fares NYC آپ کی امیگریشن کی حیثیت کے بارے میں نہیں پوچھے گا۔

**واپس اوپر جائیں**

## اپنی Fair Fares NYC رعایت کے لیے درخواست دینا اور موصول کرنا

**9. میں Fair Fares NYC رعایت کے لیے کس طرح درخواست دے سکتا ہوں؟**

NYC کے تمام باشندے Fair Fares NYC رعایت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ مزید جاننے اور درخواست دینے کے لیے nyc.gov/accessfairfares پر جائیں۔

آپ سے درج ذیل کی بابت ذاتی معلومات طلب کی جا سکتی ہیں:

- شناخت
- رہائش، اور
- آمدنی

آپ کو دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ براہ کرم Fair Fares NYC کی تجویز کردہ دستاویز کی فہرست ملاحظہ کرنے کے لیے nyc.gov/site/fairfares/faq/faq.page پر جائیں۔

**واپس اوپر جائیں**

**10. مجھے کیسے پتا چلے گا کہ آیا میری درخواست منظور ہو گئی ہے؟**

جب آپ اپنی درخواست جمع کروا دیں اور تمام مطلوبہ دستاویزات اپ لوڈ کر دیں، تو براہ کرم ہمیں 30 دنوں کی مہلت دیں تاکہ ہم آپ کی درخواست کا جائزہ لے سکیں۔ آپ nyc.gov/accessfairfares پر اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان ہو کر اپنی درخواست کا اسٹیٹس چیک کر سکتے ہیں۔ جب ہم آپ کی درخواست کا جائزہ لے لیں گے تو آپ کو ای میل کے ذریعے اطلاع دی جائے گی۔

واپس اوپر جائیں

**11. میں کتنی مدت تک Fair Fares NYC پروگرام میں شرکت کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ کی اہلیت جاری رہتی ہے تو درخواست منظور ہونے کی تاریخ سے لے کر ایک سال تک کے لیے۔

واپس اوپر جائیں

**12. میں اپنا Fair Fares NYC OMNY کارڈ کب حاصل کروں گا؟**

جب آپ کی درخواست منظور ہو جائے گی، تو براہ کرم اپنے Fair Fares NYC OMNY کارڈ کی ترسیل کے لیے 2 سے 3 ہفتوں کا وقت دیں۔ کارڈ یونائیٹڈ اسٹیٹ پوسٹل سروس (United States Postal Service, USPS) کی وساطت سے ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے گا۔ اگر آپ نے Access-A-Ride رعایت منتخب کر لی، تو آپ کو ایک OMNY کارڈ موصول نہیں ہو گا۔ اس کی بجائے، آپ کو MTA کی جانب سے اپنا Access-A-Ride OMNY ID کارڈ موصول ہو گا۔

واپس اوپر جائیں

**13. میری Fair Fares NYC OMNY کارڈ کے لیے درخواست منظور ہو گئی تھی تاہم یہ مجھے ڈاک میں نہیں ملا ہے۔ مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

اگر آپ کو منظوری ملنے کے بعد 3 ہفتے سے زیادہ وقت ہو گیا ہے اور آپ کو اپنا Fair Fares NYC OMNY موصول نہیں ہوا ہے تو براہ کرم **311** پر کال کریں یا Access HRA پر اپنا کارڈ 'کبھی نہیں ملا' کے طور پر رپورٹ کریں

واپس اوپر جائیں

**14. مجھے nyc.gov/accessfairfares کی ویب سائٹ پر مشکل پیش آ رہی ہے۔ میں کس طرح مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ کو nyc.gov/accessfairfares پر تکنیکی مسائل پیش آ رہے ہیں، تو مدد کے لیے براہ کرم AccessHRAhelpdesk@hra.nyc.gov پر ای میل یا **311** پر کال کریں۔

واپس اوپر جائیں

**15. مجھے Fair Fares NYC کی درخواست مکمل کرنے میں مدد درکار ہے۔ میری مدد کون کر سکتا ہے؟**

Fair Fares NYC کے مقامات میں سے کسی ایک پر جائیں اور عملہ آپ کو درخواست کے عمل کو مکمل کرنے میں مدد دے گا۔ Fair Fares NYC کے مقامات کی فہرست کے لیے nyc.gov/fairfares پر جا کر 'ہم سے رابطہ کریں' پر کلک کریں۔ مزید معلومات کے لیے آپ **311** پر کال بھی کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

**.16 مجھے اپنی ڈاک ایک .P.O باکس میں موصول ہوتی ہے۔ میں اپنا Fair Fares OMNY کارڈ کیسے وصول کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ کی درخواست یا تجدید کی منظوری ہو جاتی ہے، تو ہم آپ کا Fair Fares NYC OMNY کارڈ NYC کی پانچ بوروز کے اندر بذریعہ ڈاک .P.O باکس پر ارسال کریں گے۔

[واپس اوپر جائیں]

**.17 میں اپنا ڈاک کا پتہ کس طرح اپ ڈیٹ کروں؟**

اپنا ڈاک کا پتہ اپ ڈیٹ کرنے کے لیے براہ کرم nyc.gov/accessfairfares پر جائیں۔

[واپس اوپر جائیں]

**.18 میری Fair Fares کی درخواست مسترد ہو گئی تھی۔ میں مزید معلومات کس طرح حاصل کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ اہلیت کے تقاضوں پر پورے نہیں اترتے تو آپ کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے۔ آپ مسترد ہونے کی وجہ جاننے کے لیے nyc.gov/accessfairfares پر جا سکتے ہیں۔

آپ کو موصول ہونے والا نوٹس وضاحت کرتا ہے کہ آپ کیوں Fair Fares NYC کے لیے اہل نہیں ہیں۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ ہم نے غلطی کی ہے، تو اپنی درخواست کے جائزے کا تقاضا کرنے کے لیے براہ کرم Fair Fares NYC کو office location پر وزٹ کریں یا **311** پر کال کریں۔

[واپس اوپر جائیں]

## درخواست کی دستاویزات کیسے جمع کروائیں اور دیگر متعلقہ سوالات

**.19 مجھے اپنی عمر، NYC میں رہائش اور آمدنی کی تصدیق کرنے کے لیے کون سی دستاویزات درکار ہیں؟**

براہ کرم Fair Fares NYC کی تجویز کردہ دستاویز کی فہرست کا nyc.gov/site/fairfares/faq/faq.page پر جائزہ لیں

[واپس اوپر جائیں]

**.20 میں اپنی درخواست کے لیے دستاویزات کس طرح جمع کرواؤں؟**

Fair Fares NYC کے لیے اپنی دستاویزات اپ لوڈ کرنے کے لیے ACCESS HRA موبائل ایپ استعمال کریں۔ ACCESS HRA ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے nyc.gov/ffdocs پر جائیں، اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان ہوں، اور اپنی دستاویزات جمع کروائیں۔ اگر آپ موبائل ایپ استعمال نہیں کر سکتے، تو آپ Fair Fares NYC کے دفتر کے مقام پر آ سکتے ہیں اور مدد لے سکتے ہیں۔

[واپس اوپر جائیں]

**.21 میں نے اپنی دستاویزات جمع کروانے کی کوشش کی لیکن یہ کارگر نہیں ہوئی۔ میں کس طرح مدد حاصل کر سکتا ہوں؟**

اپنے اکاؤنٹ سے لاگ آؤٹ کریں اور پھر سے واپس لاگ ان کرتے ہوئے کوشش کریں۔ دستاویزات کو ظاہر ہونے میں 15 منٹ تک لگ سکتے ہیں۔ اگر آپ اب بھی مشکل کا شکار ہیں، تو آپ مدد حاصل کرنے کے لیے Fair Fares NYC کے دفتر آ سکتے ہیں۔

[واپس اوپر جائیں]

**22. مجھے کیسے علم ہو گا کہ آپ کو میری دستاویزات موصول ہو گئی ہیں؟**

اگر آپ کی درخواست مکمل نہ ہو تو Fair Fares آپ کو ٹیکسٹ میسج بھیجے گا۔ آپ nyc.gov/accessfairfares پر یہ چیک کرنے کے لیے دوبارہ لاگ ان کر سکتے ہیں کہ کون سی دستاویزات اب بھی درکار ہیں اور انہیں جمع کروانے کی آخری تاریخ کیا ہے۔

واپس اوپر جائیں

**23. کیا میری دستاویزات جمع کروانے کی کوئی حتمی تاریخ بھی ہے؟**

جی ہاں۔ آپ کے پاس اپنی درخواست جمع کروانے کے بعد دستاویزات جمع کروانے کے لیے 10 دن ہوتے ہیں۔ اپنی درخواست کا اسٹیٹس چیک کرنے کے لیے nyc.gov/accessfairfares پر اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان ہوں اور دیکھیں کہ اپنی دستاویزات جمع کروانے کے لیے آپ کے پاس کتنا وقت رہ گیا ہے۔

واپس اوپر جائیں

**24. اگر میں اپنی دستاویزات بروقت جمع نہیں کرواتا ہوں تو کیا ہوتا ہے؟**

اگر ہمیں آپ کی دستاویزات وقت پر موصول نہیں ہوتی ہیں، تو آپ کو ایک نئی درخواست جمع کروانا ہو گی۔

واپس اوپر جائیں

## اپنے Fair Fares NYC OMNY کارڈ کو استعمال کرنا

**25. میں اپنا Fair Fares OMNY کارڈ کا نمبر کہاں سے معلوم کر سکتا ہوں؟**

آپ اپنے OMNY کارڈ کی مخالف جانب 18 ہندسوں پر مشتمل کارڈ نمبر دیکھ سکتے ہیں۔ آپ کو اس نمبر کا ریکارڈ رکھنا چاہیئے۔

واپس اوپر جائیں

**26. OMNY کارڈ کا ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر کیا ہے اور میں اسے کہاں تلاش کر سکتا ہوں؟**

ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر آپ کے OMNY اکاؤنٹ کی تمام سرگرمیوں سے منسلک ہوتا ہے۔ اگر آپ کو مدد چاہیئے ہو تو آپ کو OMNY کسٹمر سروس کو یہ نمبر دینے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ آپ Access HRA میں اپنے اکاؤنٹ میں اپنا Fair Fares کارڈ شامل کرنے کے بعد اپنے OMNY اکاؤنٹ میں یا **311** پر کال کر کے اپنا ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر معلوم کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

**27. کیا میرے گھرانے کا کوئی فرد یا میرا دوست میرا Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) استعمال کر سکتا ہے؟**

نہیں۔ آپ کا FFOC صرف آپ کے ذاتی استعمال کے لیے ہے۔ آپ اپنے FFOC کا اپنے گھر کے فرد یا دوست کے ساتھ اشتراک نہیں کر سکتے۔ آپ کارڈ کسی کو فروخت نہیں کر سکتے یا کسی فرد کے لیے اپنا کارڈ ٹیپ کرتے ہوئے اس کی فروخت نہیں کر سکتے۔ آپ کارڈ کسی اور کو ادھار نہیں دے سکتے۔ اس اصول کی خلاف ورزی کارڈ کا غلط استعمال یا دھوکہ دہی ہے اور اس کا نتیجہ آپ کے FFOC کی 60 دنوں تک کے لیے معطلی کی صورت میں نکلے گا۔ اگر آپ دوسری بار اس اصول کی خلاف ورزی کرتے ہیں تو آپ کو Fair Fares NYC پروگرام سے مستقل طور پر خارج کر دیا جائے گا۔

واپس اوپر جائیں

**.28 کیا میں اپنا (Fair Fares OMNY Card (FFOC، NYC کے عوامی نقل و حمل کے تمام نظاموں میں استعمال کر سکتا ہوں؟**

آپ اپنے FFOC کو نیو یارک سٹی کے سب ویز اور مقامی بسوں پر نیز اسٹیٹن آئلینڈ ریلوے، روزویلٹ آئلینڈ ٹرام، اور ہڈسن ریل لنک پر استعمال کر سکتے ہیں اور آپ سے آدھا کرایہ وصول کیا جائے گا۔

OMNY جب Westchester Bee-Line اور (Nassau Inter-County Express (NICE بسوں پر دستیاب ہو جائے گا، تو آپ ان سروسز پر بھی اپنا FFOC، آدھے کرایے پر استعمال کر پائیں گے۔ تاہم، براہ کرم نوٹ کر لیں کہ یوں تو آپ اپنے FFOC کو کسی ایکسپریس بس، Long Island Railroad، Metro North Railroad، PATH، اور JFK AirTrain پر اپنے سفر کی ادائیگی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں، مگر آپ سے پورا کرایہ وصول کیا جائے گا۔

[واپس اوپر جائیں](#)

**.29 میں اپنے (Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC میں پیسے کیسے شامل کر سکتا ہوں؟**

جب آپ FFOC کو حاصل کر لیں گے تو ان طریقوں سے اس میں پیسے شامل کر سکتے ہیں:

- NYC Transit سب وے اسٹیشنز میں موجود کسی بھی OMNY کارڈ وینڈنگ مشین سے۔
- سٹی بھر کے کسی شرکت کنندہ ریٹیل اسٹور سے۔ OMNY کے ریٹیل مقامات کے لیے، براہ کرم https://omny.info/retail-locations پر جائیں۔
- OMNY کسٹمر سروس کو **877-789-6669** پر کال کر کے۔
- اپنے رجسٹر شدہ OMNY اکاؤنٹ کی وساطت سے آن لائن (https://omny.info/register)۔ آپ ایک OMNY اکاؤنٹ کی وساطت سے خودکار ری لوڈز بھی سیٹ کر سکتے ہیں، تاکہ آپ کو بیلنس کم ہونے کی وجہ سے دوبارہ کبھی پریشان نہیں ہونا پڑے۔

**.30 کیا مجھے اپنے (Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC کے ساتھ کرائے کی کوئی مخصوص حد ملے گی؟**

جی ہاں۔ اگر آپ 7 دن کی مدت میں ایک ہی FFOC کا استعمال کرتے ہوئے 12 بامعاوضہ سفر کرتے ہیں، تو اسی ہفتے میں آپ کے باقی سفر ازخود طور پر مفت ہوں گے۔ آپ کو ہر ایک انفرادی بامعاوضہ سفر کے لیے اپنا FFOC استعمال کرنا ہو گا۔ جب آپ منتقل کرتے ہیں تو بھی آپ کو اپنا کارڈ ہی استعمال کرنا چاہیئے، تاہم یہ 12 بامعاوضہ سفر میں شمار نہیں کیا جائے گا کیونکہ منتقلی مفت ہوتی ہے۔

[واپس اوپر جائیں](#)

**31. کیا مجھے ایک OMNY اکاؤنٹ تخلیق کرنا چاہیئے؟**

جی ہاں۔ اگرچہ یہ اختیاری ہے، تاہم ایک OMNY اکاؤنٹ محفوظ ہے اور یہ آپ کو:

- 7 دن کے کرائے کی حد تک پہنچنے کے حوالے سے آپ کی پیشرفت ٹریک کرنے کا موقع دے گا،
- اپنا کارڈ ری لوڈ کرنے دے گا،
- اپنا ادائیگی کا طریقہ منظم کرنے دے گا،
- اکاؤنٹ کی اطلاعات موصول کرنے دے گا،
- کارڈ کھو جانے یا چوری ہو جانے پر فوری طور پر اسے فریز کرنے کا موقع دے گا،
- اور بہت کچھ!

ایک OMNY اکاؤنٹ کے لیے رجسٹر ہونے کی خاطر، براہ کرم https://omny.info/register پر جائیں۔

اگر آپ کو ایک OMNY اکاؤنٹ کے لیے رجسٹر ہونے میں مدد درکار ہو تو OMNY کسٹمر سروس سے **877-789-6669** پر کال کر کے رابطہ کریں۔

**واپس اوپر جائیں**

**32. اگر مجھ سے رعایت شدہ کرائے کی جگہ مکمل قیمت وصول کر لی جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

اپنا Access HRA اکاؤنٹ چیک کریں تاکہ دیکھا جا سکے کہ آیا آپ اب بھی پروگرام میں اندراج یافتہ ہیں۔ اگر آپ اب بھی اندراج یافتہ ہیں، تو براہ کرم مدد کے لیے **311** پر کال کریں۔

**واپس اوپر جائیں**

**33. اگر اپنے OMNY کارڈ پر (مکمل کرایہ لیے جانے کے علاوہ دوسری) کوئی قیمت موصول کرنے سے متعلق میرا کوئی سوال ہو تو میں کس کو کال کروں؟**

OMNY کسٹمر سروس سے **877-789-6669** پر کال کر کے رابطہ کریں۔

**واپس اوپر جائیں**

## اہلیت کو کھونا

**34. مجھے ایک نوٹس موصول ہوا ہے کہ میرا اندراج ختم ہونے والا ہے کیونکہ اب میں مزید اہل نہیں رہا۔ میرے خیال سے کوئی غلطی ہوئی ہے۔ میں کس سے بات کر سکتا ہوں؟**

اگر آپ اہلیت کے تقاضوں پر مزید پورے نہیں اترتے تو آپ اہلیت کھو سکتے ہیں۔ آپ اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ اب آپ اہل کیوں نہیں رہے nyc.gov/accessfairfares پر وزٹ کر سکتے ہیں۔

آپ کو موصول ہونے والا نوٹس وضاحت کرتا ہے کہ آپ Fair Fares NYC کے لیے اہل کیوں نہیں ہیں اور کس تاریخ کو آپ کی رعایت ختم ہو جائے گی۔ اس تاریخ کے بعد، اپنے FFOC کے ساتھ کیے گئے کسی بھی سفر کا آپ سے مکمل کرایہ وصول کیا جائے گا۔

اگر آپ کا خیال ہے کہ ہم سے غلطی ہوئی ہے، تو اپنی درخواست کے جائزے کی درخواست کرنے کے لیے براہ کرم Fair Fares NYC کے دفتر تشریف لائیں یا **311** پر کال کریں۔

**واپس اوپر جائیں**

**35. اپنی اہلیت کے تعین کے جائزے کی درخواست کرنے کے لیے میرے پاس کتنا وقت ہے؟**

اپنے اندراج ختم ہونے کی بابت نوٹس موصول ہونے کی تاریخ سے 14 دنوں کے اندر آپ کا جائزے کی درخواست کرنا ضروری ہے۔ اگر ہمیں آپ کی طرف سے کوئی جواب نہیں ملتا ہے، تو آپ کے نوٹس میں بیان کردہ تاریخ کو آپ کی رعایت ختم ہو جائے گی۔

واپس اوپر جائیں

**36. اگر مجھے ایک نوٹس موصول ہو کہ میری Fair Fares NYC رعایت غلط استعمال یا دھوکہ دہی کی سرگرمی کی وجہ سے ختم ہو جائے گی تو کیا ہو گا؟**

پہلی دفعہ کسی غلط یا دھوکہ دہی کی سرگرمی سرزد ہونے پر آپ کی Fair Fares NYC رعایت معطل ہو جائے گی۔ اگر آپ کے پاس Fair Fares NYC OMNY کارڈ ہے، تو اس سے واپس مکمل کرایہ ہی وصول کیا جائے گا۔ آپ Fair Fares NYC کے لیے اہلیت کھو دیں گے اور آپ 60 دنوں تک Fair Fares NYC میں شرکت نہیں کر پائیں گے۔ آپ کو 60 دن گزر جانے کے بعد دوبارہ درخواست دینا ہو گی، اور Fair Fares NYC رعایت دوبارہ موصول کرنے کے لیے آپ کا دوبارہ اہل قرار پانا ضروری ہو گا۔
اگر دوسری دفعہ غلط استعمال یا دھوکہ دہی کی کوئی سرگرمی پائی گئی، تو آپ کو پروگرام میں شرکت سے مستقل طور پر نااہل قرار دے دیا جائے گا اور آپ کی رعایت ختم ہو جائے گی۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں تو آپ **311** پر کال کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

## گمشدہ، مسروقہ یا خراب شدہ کارڈز

**37. میں اپنے گم شدہ یا مسروقہ Fair Fares NYC OMNY کارڈ کو کتنی مرتبہ تبدیل کر سکتا ہوں؟**

Fair Fares NYC ہر ایک اندراجی سال کے لیے آپ کے گمشدہ، مسروقہ یا خراب ہونے والے کارڈ کو صرف ایک دفعہ تبدیل کرے گا۔

**38. اگر میرا Fair Fares NYC OMNY کارڈ گم ہو جائے، چوری ہو جائے یا خراب ہو جائے تو مجھے کیا کرنا چاہیئے؟**

nyc.gov/accessfairfares پر اپنے Fair Fares اکاؤنٹ پر لاگ ان کریں اور 'FFNYC OMNY کارڈ گم ہونے، چوری ہونے یا خراب ہونے کی اطلاع' پر کلک کریں۔ اسکرین پر آنے والی ہدایات کی پیروی کریں۔

آپ **311** پر کال بھی کر سکتے ہیں۔ جب آپ کی رپورٹ موصول ہو جائے گی تو آپ کو 2 سے 3 ہفتوں میں نیا Fair Fares NYC OMNY کارڈ ڈاک میں موصول ہو گا، بشرطیکہ آپ اس وقت تک اہل رہیں۔

اگر آپ نے پہلے OMNY کو اپنے OMNY اکاؤنٹ یا فون کے ذریعے رپورٹ دی ہے، تو تبدیل کروانے کے لیے Fair Fares کو دوبارہ اپنے کارڈ کی رپورٹ دینا ہو گی۔

واپس اوپر جائیں

### 39. میں اپنے نئے کارڈ میں اپنا بیلنس کیسے منتقل کروں؟

آپ اپنے گم شدہ، مسروقہ، یا خراب کارڈ سے بیلنس کو اپنے نئے Fair Fares NYC OMNY کارڈ میں OMNY کسٹمر سروس کو **877-789-6669** پر کال کر کے منتقل کروا سکتے ہیں۔ آپ کو اپنے OMNY اکاؤنٹ سے منسلک ای میل ایڈریس فراہم کرنا ہو گا۔ اگر آپ کا کوئی OMNY اکاؤنٹ نہیں ہے، تو آپ کو گم شدہ OMNY کارڈ کے لیے کارڈ نمبر یا ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر مہیا کرنا ہو گا۔ آپ اپنے Access HRA اکاؤنٹ کے ذریعے یا **311** کو کال کر کے ٹرانزٹ اکاؤنٹ نمبر معلوم کر سکتے ہیں۔

گم شدہ یا مسروقہ OMNY کارڈز کے لیے کوئی ریفنڈز نہیں ہیں۔ صرف بیلنس منتقل ہوتا ہے۔

واپس اوپر جائیں

## تجدیدات

### 40. مجھے Fair Fares NYC کے لیے اپنے اندراج کی کتنی کثرت سے تجدید کروانا ہوتی ہے؟

آپ کو Fair Fares NYC میں اپنے اندراج کی سال میں ایک بار تجدید کروانا ہوتی ہے۔ آپ کی Fair Fares NYC رعایت کی تجدید کے لیے ضروری ہے کہ آپ تجدید کے وقت پر پروگرام کے لیے اہل ہوں۔

واپس اوپر جائیں

### 41. میں Fair Fares NYC میں اپنے اندراج کی تجدید کس طرح کروا سکتا ہوں؟

جب آپ کو Fair Fares کی جانب سے تجدید کا نوٹس موصول ہو جائے، تو Fair Fares NYC میں اپنے اندراج کی تجدید کروانے کے لیے nyc.gov/accessfairfares پر اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان ہوں۔ اپنی رعایت میں کسی وقفے سے بچنے کی خاطر اپنا اندراج ختم ہونے سے کم از کم 30 دن قبل یہ کام انجام دیں۔

واپس اوپر جائیں

### 42. جب مجھے تجدید کی ضرورت ہو گی تو کیا مجھے اطلاع دی جائے گی؟

ہاں۔ جب تجدید کا وقت ہو گا تو ہم آپ کو بذریعہ ڈاک اور ٹیکسٹ، نوٹس بھیجیں گے۔ آپ نے Fair Fares NYC کو جو ڈاک کا پتہ دیا تھا، ہم وہی استعمال کریں گے۔ آپ کسی بھی وقت اپ ڈیٹس اور حتمی تاریخوں کے لیے Fair Fares NYC کا ہوم پیج چیک کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

### 43. کیا تجدید کروانے کی کوئی حتمی تاریخ ہے؟

جی ہاں۔ تجدیدی نوٹس آپ کو تجدید کروانے کی آخری تاریخ دکھائے گا۔ اگر آپ آخری تاریخ تک تجدید نہیں کرواتے، تو آپ کو ایک نئی درخواست جمع کروانا ہو گی۔ اپنے اندراج کے بارے میں معلومات کے لیے اپنا Fair Fares NYC اکاؤنٹ چیک کریں۔

واپس اوپر جائیں

**.44 اگر تجدید کروانے کی حتمی تاریخ مجھ سے رہ جائے تو کیا ہو گا؟**

اگر اندراج کروانے کی آخری تاریخ آپ سے رہ جاتی ہے تو آپ کو ایک نئی درخواست جمع کروانا ہو گی۔ اس سے آپ کا اکاؤنٹ عارضی طور پر معطل ہو جائے گا۔ جب آپ کا اکاؤنٹ عارضی طور پر معطل ہو، اور آپ اس دوران اپنے Fair Fares OMNY کارڈ کے ساتھ سفر کریں، تو آپ سے مکمل کرایہ وصول کیا جائے گا۔ جب آپ دوبارہ تجدید کرواتے ہیں یا دوبارہ درخواست دیتے ہیں اور آپ کی درخواست منظور ہو جائے تو آپ کی رعایت دوبارہ شروع ہو جائے گی۔

واپس اوپر جائیں

**.45 مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ کیا میں اب بھی Fair Fares NYC کے لیے اہل ہوں؟**

اپنی اہلیت چیک کرنے کے لیے nyc.gov/fairfares پر جائیں۔ Fair Fares NYC پروگرام میں اپنے اندراج کی تجدید کروانے کے لیے آپ کا اب بھی Fair Fares NYC کی اہلیت کے تقاضوں پر پورا اترنا ضروری ہے۔

واپس اوپر جائیں

**.46 میں اپنا پتہ یا دیگر ایسی معلومات کس طریقے سے اپ ڈیٹ کروں جو گزشتہ سال تبدیل ہو گئی ہیں؟**

آپ اپنے آن لائن اکاؤنٹ کی وساطت سے کسی بھی وقت آن لائن اپنا ڈاک کا پتہ اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔ جب آپ nyc.gov/fairfares پر اپنی تجدید جمع کرواتے ہیں تو دیگر پروفائل معلومات اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔ آپ اپنا ڈاک کا پتہ اپ ڈیٹ کروانے کے لیے **311** پر کال کر سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

**.47 اگر میرا نیا پتہ نیو یارک سٹی میں نہیں ہے تو کیا ہو گا؟**

صرف نیو یارک سٹی کے رہائشی ہی Fair Fares NYC کے اہل ہیں۔

واپس اوپر جائیں

**.48 مجھے اپنی تجدید کی درخواست کے ساتھ کون سی دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت ہو گی؟**

براہ کرم Fair Fares NYC کی تجویز کردہ دستاویز کی فہرست کا nyc.gov/site/fairfares/faq/faq.page پر جائزہ لیں۔

واپس اوپر جائیں

**.49 جب میں تجدید کرواتا ہوں تو کیا مجھے نیا Fair Fares NYC OMNY کارڈ موصول ہو گا؟**

آپ Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) کا استعمال جاری رکھ سکیں گے جو آپ کو ارسال کیا گیا ہے سوائے یہ کہ آپ کا کارڈ گم یا چوری ہو گیا ہو یا آپ کے کارڈ کی میعاد ختم ہونے والی ہو۔ آپ کا FFOC سالہا سال تک کے لیے برقرار رہے گا۔

واپس اوپر جائیں

**50. اپنی تجدید کی درخواست منظور ہو جانے کے بعد، کیا میں اپنی موجودہ Fair Fares NYC رعایت استعمال کرنے کے قابل ہوں گا؟**

جی ہاں۔ آپ اپنی Fair Fares NYC رعایت کا استعمال جاری رکھنے کے قابل ہوں گے تاوقتیکہ آپ کا اندراج زائدالمیعاد ہو جائے (یعنی اب آپ اہل نہ رہیں)۔ حتیٰ کہ جب آپ کا اندراج ختم ہو جائے، تو بھی آپ مکمل کرائے کی ادائیگی کے لیے اپنے OMNY کارڈ کا استعمال جاری رکھ سکیں گے۔

واپس اوپر جائیں

## زائدالمیعاد کارڈز

**51. میں یہ بات کیسے جان سکتا ہوں کہ میرے Fair Fares NYC OMNY کارڈ کی میعاد ختم ہو رہی ہے؟**

آپ کے کارڈ کی پشت پر زائدالمیعاد ہونے کی تاریخ درج ہے۔

واپس اوپر جائیں

**52. اگر میرا Fair Fares NYC OMNY Card (FFOC) 30 دنوں سے کم مدت میں زائدالمیعاد ہو جائے گا تو کیا ہو گا؟**

آپ کے FFOC کے زائدالمیعاد ہونے کی تاریخ طویل تر ہوتی ہے اور یہ سالہاسال تک چلتے رہتے ہیں۔ آپ کو اپنے کارڈ کی میعاد ختم ہونے تک اس کا استعمال جاری رکھنا چاہیئے۔ اگر آپ اب بھی پروگرام میں اندراج یافتہ ہیں اور آپ کا موجودہ FFOC جلد ہی اختتام پذیر ہونے والا ہے، تو FFNYC آپ کے موجودہ کارڈ کے زائدالمیعاد ہونے کی تاریخ سے تقریباً 30 دن قبل ایک نیا کارڈ آپ کو خودکار طور پر ڈاک سے ارسال کرے گا۔ جب آپ متبادل FFOC موصول کریں گے، تو آپ اپنے زائدالمیعاد کارڈ سے اپنے نئے FFOC کارڈ میں OMNY کسٹمر سروس سے **877-789-6669** پر رابطہ کر کے بیلنس منتقل کروا سکیں گے۔

واپس اوپر جائیں

**53. اگر میرے زائدالمیعاد Fair Fares OMNY Card (FFOC) میں اب بھی رقم موجود ہو تو کیا میں اسے استعمال کر سکتا ہوں؟**

نہیں۔ آپ کا FFOC زائدالمیعاد ہونے کی تاریخ کے بعد کام نہیں کر سکے گا۔ جب آپ کے کارڈ کی میعاد ختم ہو جائے تو آپ OMNY کسٹمر سروس سے **877-789-6669** پر رابطہ کر کے اپنے نئے کارڈ میں بیلنس منتقل کروا سکتے ہیں۔

واپس اوپر جائیں

**اگر Fair Fares NYC پروگرام کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہوں تو براہ کرم 311 پر کال کریں۔ آپ Fair Fares NYC پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے [nyc.gov/fairfares](nyc.gov/fairfares) پر بھی وزٹ کر سکتے ہیں۔**